مکرم و محترم۔ سلام مسنون!

نقیبِ ختمِ نبوت دینی جرائد میں نہایت اہم مقام حاصل کر چکا ہے۔ اداریہ سے لے کر خطوط تک تمام پرچہ نئے نئے موضوعات اور مضامین کے جلو میں ہر ماہ طلوع ہوتا ہے۔ جس کی روشنی سے تشنگانِ علم برابر مستفید ہو رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اسے مزید کامیابیوں اور کامرانیوں سے نوازے۔ آمین

نہایت افسوس اور غم کے ساتھ ایک خبر لکھ رہا ہوں۔ اسے پرچہ میں شائع کر دیں۔ نومبر کے اوائل میں مجلسِ احرار اسلام گوجرانوالہ کے قدیم کارکن بھائی شبیر احمد انتقال کر گئے ہیں۔ اِنّ للہ وَاِنّا اِلیہ رَاجِعُون!

مرحوم ایک ایثار پیشہ انتھک اور جانباز کارکن تھے۔ 1930ء میں مجلسِ احرار اسلام نے تحریک آزادی کشمیر برپا کی۔ تو آپ جماعت میں شامل ہوئے۔ جوانی کا آغاز تھا، خوش رو اور خوش گلو تھے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ وہ عوامی جلسوں میں علامہ اقبال اور دیگر انقلابی شعراء کا کلام ترنم سے پڑھتے تو لوگوں کے جذبات گرما دیتے۔ 1953ء کی تحریکِ تحفظ ختمِ نبوت میں بھرپور حصہ لیا۔ جیل گئے۔ اور تقریباً ایک سال کی قید میں صعوبتوں کو خندہ پیشانی سے قبول کیا۔ مرحوم ایک وفادار اور مخلص دینی کارکن تھے۔ دمِ واپسیں تک مجلس احرار اسلام سے وابستہ رہے۔ اور ایک کارکن کی حیثیت سے خدمت سرانجام دیتے رہے۔ ان کی سماجی سیاسی اور دینی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے، مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین

نقیبِ ختمِ نبوت کی وساطت سے تمام قارئین سے درخواست ہے کہ وہ مرحوم کی مغفرت کے لئے خصوصی دعائیں فرمائیں۔

والسلام

شیخ عبدالمجید امرتسری۔ گوجرانوالہ

محترم شاہ بلیغ الدین صاحب کی

تاریخی ــــ تحقیقی ــــ تصانیف

روشنی ــــ قیمت مجلد ۶۵/۰۰ پیپر بیک ۵۰/۰۰

تجلّی، ــــ قیمت مجلد ۷۵/۰۰ پیپر بیک ۶۶/۰۰

طُوبیٰ، ــــ قیمت مجلد ۱۰۰/۰۰

رزمِ حق و باطل ــــ قیمت مجلد ۶۶/۰۰ جلد اوّل

ــــ سادہ زبان، دلکش انداز بیان رنگین کتابت و طباعت ــــ

ملنے کا پتہ

اپنے شہر کے کتب فروش سے طلب کیجئے!

۶۰/ بی العریش سن سیٹ بلیے وارڈ نزد پی این۔ ایس شفا

ڈیفنس کرا